DITTO WS

Reg. No. ....

Name : ....

SY-13

SECOND YEAR HIGHER SECONDARY EXAMINATION, MARCH-2020

Part–II

URDU

Maximum : 80 Scores

Time : 2½ Hours

Cool-off time : 15 Minutes

General Instructions to Candidates :

- There is a 'Cool-off time' of 15 minutes in addition to the writing time of 2½ hours.
- You are neither allowed to write your answers nor to discuss any thing with others during the 'Cool-off time'.
- Use the 'Cool-off time' to get familiar with questions and to plan your answers.
- Read questions carefully before answering.
- Read the instructions carefully.

1 سے 5 تک کے تمام سوالوں کے جواب ایک ایک لفظ میں لکھیے : (5 × 1 = 5)

.1 آپ کے پسندیدہ کسی ایک اردو نظم گو شاعر کا نام لکھیے۔

.2 گیان پیٹھ انعام یافتہ کسی ایک اردو شاعر کا نام لکھیے۔

.3 نظم 'آہ ! امّاں' کے لیے کوئی دوسرا مناسب عنوان تجویز کیجیے۔

.4 ہندوستان کی پہلی بولتی فلم کونسی ہے ؟

.5 ''کانٹوں کو مرجھانے کا خوف نہیں ہوتا۔'' یہ کون کہتا ہے ؟

DITTO WS

6 سے 11 تک کے سوالوں میں سے کسی 5 کے جواب کم سے کم دو جملوں میں لکھیے : **(5 × 2 = 10)**

6. ذیل کے جملوں میں سے فعل مستقبل چن کر لکھیے :

[احمد نے آم کھایا - سلیم کل دلّی جائے گا - راجو نے گیت گیا - میں بازار جاؤں گا]

7. منظرنامہ 'مرزا غالبؔ' میں غالبؔ بہت مایوس نظر آتا ہے۔ غالبؔ کی مایوسی کی دو وجوہات لکھیے۔

8. صحیح جوڑ بنائیے :

[پرتھوی راج کپور - انارکلی - مدھوبالہ - سلیم - دلیپ کمار - اکبر]

اکبر - پرتھوی راج کپور

سلیم - ....

انارکلی - ....

9. ماں کی شان میں بہت سے شاعروں نے نظمیں لکھی ہیں۔ ماں کی عظمت پر چند جملے لکھیے۔

10. صنفِ رباعی کی کوئی دو خصوصیات لکھیے۔

11. نیچے دیے گئے جملے سے کسی چار حروف چن کر لکھیے :

ناول اور افسانے کے مقابلے میں ڈراما حقیقت سے قریب تر ہے اور یہ زندگی کی تصویر بھی ہے۔

12 سے 15 تک کے سوالوں میں سے کسی 3 کے جواب کم سے کم پانچ جملوں میں لکھیے : **(3 × 5 = 15)**

12. شاعرِ مشرق علاّمہ اقبالؔ کی شاعری دنیا بھر میں مشہور ہے۔ اقبالؔ کی شاعری کے بارے میں آپ کیا کیا جانتے ہیں لکھیے۔

13. آپ کے اسکول میں ایک فلم فیسٹول ہو رہا ہے۔ جس میں آپ کو فلم 'مغلِ اعظم' کا تعارف کرانا ہے۔ آپ کیا کیا کہیں گے لکھیے۔

14. غزل ایک ہردل عزیز صنفِ سخن ہے۔ غزل کی چند خصوصیات لکھیے۔

15. ؎ سب کا احوال وہی ہے جو ہمارا ہے آج
یہ الگ بات کہ شکوہ کیا تنہا ہم نے
اس شعر کا مطلب اپنے الفاظ میں لکھیے۔

16 سے 22 تک کے سوالوں میں سے کسی 6 کے جواب کم سے کم چھ جملوں میں لکھیے : **$(6 \times 6 = 36)$**

16. افسانہ 'بوڑھی کاکی' میں آپ کا پسندیدہ کردار کون ہے؟ اس پر نوٹ لکھیے۔

17. سبق 'مسافر ہوں یارو' میں دلّی کی سائکل رکشا والوں کے حالات کس طرح بیان کیے گئے ہیں؟ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

18. ذیل کی رباعی کا مفہوم لکھیے :
؎ مذہب کی زبان پر ہے نکوئی کا پیام
حسین عمل اور راست گوئی کا پیام
مذہب کے نام پر لڑائی کیسی
مذہب دیتا ہے صلح جوئی کا پیام

19. اردو ایک عالم گیر زبان ہے۔ اردو زبان کی اہمیت پر نوٹ لکھیے۔

20. چند لوگ ایسے ہوتے ہیں کہ جو اپنی زندگی دوسروں کے لیے صرف کرتے ہیں۔ ایسے کسی ایک شخص کے بارے میں لکھیے۔

21. دلّی جیسے شہروں میں آبادی کی وجہ سے زندگی پر اثر پڑ رہا ہے۔ آپ شہری زندگی پسند کرتے ہیں یا گاؤں کی زندگی ؟ کیوں ؟ لکھیے۔

22. نظم 'وہ تو کوئی اور ہے' کے ذریعے شاعر ہم سے کیا کہنا چاہتا ہے ؟ اپنے الفاظ میں لکھیے۔

23 سے 25 تک کے سوالوں میں سے کسی 2 کے جواب کم سے کم سات جملوں میں لکھیے : (2 × 7 = 14)

23. آپ نے کئی سفر کیے ہوں گے۔ کسی ایک سفر کا تجربہ بیان کیجیے۔

24. آج کل بوڑھے لوگوں کو بہت سارے مسائل ہیں۔ اس کی وجوہات اور حل چند جملوں میں لکھیے۔

25. آپ کے اسکول میں 'نسوانی تقویت' (Women Empowerment) پر ایک سمینار ہونے والا ہے۔ اس کے لیے چند نکات لکھیے۔